DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

# قائد اعظم ٹرافی فرسٹ الیون کے چوتھے راؤنڈ کا تیسرا روز مکمل

اوپنر شرجیل خان کی شاندار سنچری

**کراچی، 22 نومبر 2020ء:**

قائد اعظم ٹرافی فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ 21-2020 میں نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری میچ کے تیسرے روز کھیل کے اختتام پر سندھ کی سدرن پنجاب کے خلاف پوزیشن مستحکم ہو گئی ہے۔سندھ نے تیسرے روز کھیل کے اختتام پر تین وکٹوں کے نقصان پر 190 رنز بنا لیے ہیں۔اوپنر شرجیل خان نے سنچری اسکور کی ہے۔انہوں نے 121 رنز 126 گیندوں پر 16 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے بنائے۔سعود شکیل 45 اور حسن محسن 5 رنز پر چوتھے روز کھیل کا آغاز کریں گے۔ اس قبل سدرن پنجاب نے 148 رنز دو کھلاڑی آوٹ پر تیسرے روز پہلی اننگز کے کھیل کا دوبارہ آغاز کیا تو پوری ٹیم 86 اوورز میں 295 رنز بنا کر آوٹ ہو گئی۔سندھ نے پہلی اننگز میں 383 رنز بنائے تھے۔زین عباس نے 75 رنز پر اپنی اننگز کا آغاز کیا لیکن 5 رنز کے فرق سے اپنی سنچری مکمل نہ کر سکے اور 95 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ان کی اننگز میں 14 چوکے شامل تھے۔سلمان علی آغا نے 67 رنز بنائے جبکہ عمران رفیق 42 اور سیف بدر 43 رنز بنا کر آوٹ ہوئے۔تابش خان نے 83 رنز دیکر 4 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا جبکہ شاہنواز دھانی نے تین اور ابرار احمد نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں سنٹرل پنجاب اور خیبر پختونخواہ کی ٹیموں کے درمیان میچ جاری ہے ۔ تیسرے روز کھیل کے اختتام پر خیبر پختونخواہ نے دوسری اننگز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 108 رنز بنا لیے ہیں۔

عادل امین 39 اور مہران ابراہیم 13 رنز پر بیٹنگ کر رہے ہیں جبکہ مصدق احمد 24 ، اسرار اللہ اور کامران غلام 14 ، 14 رنز بنا کر آوٹ ہو ئے ۔اس سے قبل سنٹرل پنجاب کی ٹیم دوسری اننگز میں 248 رنز بنا کر آوٹ ہو گئی۔بلاول اقبال نے 48 رنز ناٹ آوٹ بنائے۔سعد نسیم نے 52 اور محمد سعد نے 77 رنز کی اننگز کھیلی۔ساجد خان کامیاب بولر رہے انہوں نے 101 رنز کے عوض 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ساجد خان نے میچ میں 10 وکٹیں حاصل کی ہیں۔سنٹرل پنجاب نے پہلی اننگز میں 158 رنز بنائے تھے۔جواب میں خیبرپختونخواہ نے پہلی اننگز میں 236 رنز بنائے۔

این بی پی اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں بلوچستان نے دوسری اننگز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 223 رنز بنا لیے ہیں۔عظیم گھمن نے دوسری اننگز میں بھی شاندار بیٹنگ کی لیکن ایک بار پھر وہ سنچری مکمل نہ کر سکے ۔ عظیم گھمن 91 رنز بنا کر آوٹ ہو ئے۔پہلی اننگز میں وہ 95 رنز پر آوٹ ہو گئے تھے۔عظیم گھمن نے اکبر الرحمان کے ساتھ مل کر تیسری وکٹ کے لیے 113 رنز جوڑے ۔اکبر الرحمان 80 رنز پر بیٹنگ کر رہے ہیں ان کے ساتھ دوسرے ناٹ آوٹ بیٹسمین ایاز تصور ہیں جنہوں نے 4 رنز بنائے ہیں۔اس سے قبل ناردرن نے 196 رنز 6 کھلاڑی آوٹ پر پہلی اننگز دوبارہ شروع کی اور پوری ٹیم 275 رنز بنا کر آوٹ ہو گئی۔فیضان ریاض 78 ، محمد نواز 67 ، آصف علی 36 اور حماد اعظم 34 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹسمین رہے۔کاشف بھٹی نے چار ، تاج ولی اور محمد طلحہ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4